TERM-2 CLASS-10TH URDU

Model Question Paper of Urdu

IN LIEU OF HINDI (2021-22)

کل نمبر:۴۰ 　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　　وقت:۲ گھنٹے

نوٹ: ۲ نمبر خوشخطی کے لیئے ہیں۔

سوال نمبر۱:۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی پانچ اشعار کا مطلب لکھو۔ ۵

۱۔ موت کا ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

۲۔ نہیں ہے چیز نکمّی کوئی زمانے میں
کوئی بُرا نہیں قدرت کے کارخانے میں

۳۔ جنگ تو خود ہی ایک مسئلہ ہے
جنگ کیا مسئلوں کا حل دے گی

۴۔ کعبے کس منہ سے جاؤ گے غالبؔ
شرم تم کو مگر نہیں آتی

۵۔ خدا کی شان ہے، ناچیز، چیز بن بیٹھیں
جو بے شعور ہوں، یوں باتمیز بن بیٹھیں

۶۔ بم گھروں پر گریں کہ سرحد پر
روحِ تعمیر زخم کھاتی ہے

۷۔ کھیت اپنے جلیں کہ غیروں کے
زیست فاقوں سے تلملاتی ہے

سوال نمبر۲:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے پانچ کے جوابات تحریر کریں:۔ ۵

۱۔ سرائے والے اور مزدور میں کیا جھگڑا تھا؟

۲۔ سعادت علی کیسا آدمی تھا؟

۳۔ 'قدم بڑھاؤ دوستو' سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

۴۔ زمین سے بڑے آگ کے گولے کون سے ہیں؟

۵۔ کعبے جانے سے شاعر کو شرم کیوں آتی ہے؟

۶۔ انٹرنٹ کس کام آتا ہے؟

۷۔ لوگ سفید چھڑی کیوں رکھتے ہیں؟

سوال نمبر۳:۔ دیئے گئے الفاظ سے کوئی پانچ جملے بنایئے:۔ ۵

تخت، وقفہ، عہدہ، قطار، دشوار، پاک، بہادر۔

سوال نمبر۴:۔ دیئے گئے الفاظ کے متضاد لکھیئے:۔ ۳

امن، شکست، بھلائی

سوال نمبر۵:۔ خالی جگہیں پر کرو۔ ۴

۱۔ رضیہ سلطان دہلی کے بادشاہ __________ کی بیٹی تھی۔

۲۔ رضیہ __________ کی پہلی ملکہ تھی۔

۳۔ رضیہ کے شوہر کا نام __________ تھا۔

۴۔ رضیہ سلطان اعلی درجے کی __________ تھی۔

سوال نمبر۶:۔ اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کے نام سیکشن بدلنے کے لیئے یا

سائیکل اسٹینڈ کا نظم درست کرنے کے لیئے ایک درخواست لکھو۔ ۸

سوال نمبر۷:۔ کسی ایک عنوان پر ۱۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کیجئے:۔ ۸

عید کا تہوار، شری گورو نانک دیو جی، کھیلوں کی اہمیت